کہ کتاب شروع کرنے کے بعد ختم کئے بغیر اسے ہاتھ سے رکھنے کو جی نہیں چاہتا امید ہے کہ مسلمان عموماً اور ارباب ذوق خصوصاً اس کتاب کے مطالعہ سے جو ہم خرما و ہم ثواب کا مصداق ہے فائدہ اٹھائیں گے۔

مضامین سید سلیمان ندوی مرتبہ مولانا ابو سلمہ شفیع احمد بہاری | مولانا سید سلیمان ندوی

ہندوستان کے نامور محقق اور عالم اور متعدد کتابوں کے مصنف ہیں جو اسلامیات کے علمی ذخیرہ میں اپنا ایک خاص مقام رکھتی ہیں مولانا کا قلم تقریباً نصف صدی سے علم و ادب کی خدمت میں مصروف ہے اس طویل مدت میں مستقل تصنیفات کے علاوہ آپ کے قلم سے سینکڑوں متفرق مقالات و مضامین بھی شائع ہو چکے ہیں جو مختلف رسالوں میں بکھرے پڑے ہیں ان مضامین کی علمی و ادبی اہمیت کا تقاضا تھا کہ ان کو بھی جمع کر کے یکجا شائع کیا جاتا۔ زیر ترتیب کتاب اسی سلسلہ کی ایک کوشش ہے جو بہر حال مستحسن ہے لیکن مولانا کے مقالات کی گوناگونی اور اہمیت اس امر کی مقتضی تھی کہ مقالات شبلی کی طرح ان مقالات کو بھی کتابت و طباعت کے زیادہ اہتمام کے ساتھ مختلف عنوانات کے ماتحت تقسیم کر کے شائع کیا جاتا اور یا مولانا کی مدت تصنیف کو چند ادوار پر تقسیم کر کے ہر دور کے مضامین کو الگ الگ حصوں میں چھاپا جاتا جس سے ایک ناقد کو یہ معلوم ہو سکتا تھا کہ عمر اور تجربہ کی ترقی کے ساتھ خود صاحب تصنیف کے مذاق تحریر۔ اور دوسرے تصنیفی مضامین میں کیا کیا ترقی ہوتی گئی ہے علاوہ مقالات کے خود معارف کے شذرات ہی اگر مرتب کر کے شائع کئے جائیں تو کئی ضخیم جلدوں میں آئیں گے لیکن یہ بہت فرصب طلب اور اطمینان سے کرنے کا کام ہے موجودہ حالات میں یہ جو کچھ ہو گیا ہے غنیمت ہے۔